**29/05/2026**

**07.40 / PM**

## ہیڈ لائنز

* ........ مقدمات میں فیصلہ محفوظ کرنے کے بعدتین ماہ کے اندر فیصلے سنانے کی سبھی ہائی کورٹوں کو سپریم کورٹ کی ہدایت۔

* ........ امتحانی مافیاز کے خلاف سخت کاروائی کرنے اور مستحق طالب علموں کے مفادات کا تحفظ کرنے کی مرکز کی یقین دہانی۔

* ........ وزیر اعلیٰ نے جمونو کشمیر کی سماجی و اقتصادی ترقی کےلئے عالمی سطح کے بہترین طور طریقے اختیار کرنے کی ضرورت کی اُجاگر۔

اور

* ........ پی ایم سوریہ گھر سکیم کے تحت اب تک چالیس لاکھ گھر ،روف ٹاپ سولر سے بااختیار۔

## سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے آج ملک کے تمام ہائی کورٹوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ مقدمات میں فیصلہ محفوظ کرنے کے بعد تین ماہ کے اندر اپنے فیصلے سنائیں۔ عدالت عظمٰی نے یہ بھی کہا ہے کہ فیصلوں کی فراہمی میں تاخیر سے فریقین کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔

ذاتی آزادی سے متعلق مقدمات میں فوری فیصلوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے چیف جسٹس پر مشتمل ایک بینچ نے کہا کہ ضمانت **Joymalya Baghchi** ، جسٹس سوری کانت اور جسٹس کی درخواستوں پر احکامات اسی دن سنائے جائیناور اگر فیصلہ محفوظ رکھا جائے تو اسے اگلے دن سنایا اور اپلوڈ کیا جائے۔

## دھرمیندر پردھان

تعلیم کے مرکزی وزیر دھر مندر پردھان نے کہا ہے کہ پیپر لیک کا حالیہ معاملہ ایک انتہائی افسوس ناک تھا، جبکہ ایسا واقع پیش نہیں آنا چاہئے تھا۔ڈی ڈی نیوز کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں انہوں نے یقین دلایا کہ آنے والے دنوں میں ہونے والے نئے امتحان کا عمل مناسب اور منظم انداز میں، بغیر کسی خامی کے مکمل کیا جائے گا۔

انہوں نے کہا کہ حکومت طالب علموں کے خدشات کو بخوبی سمجھتی ہے اور یہ بھی تسلیم کرتی ہے کی اُن کاا عتماد مجروح ہوا ہے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت نے سخت فیصلہ اس لئے لیا تاکہ کسی بھی مستحق طالب علم کامستقبل امتحانی مافیہ کے ہاتھوں بے ضابطگیوں کا شکار نہ ہو۔انہوننے کہا کہ امتحانی مافیائیوں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے گی۔

**<u>ڈاکٹر فاروق</u>**

**NEET** کا سوال نامہ لیک ہونے کے ادھر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے معاملے کو نہایت تشویشناک بتایا ہے۔

نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے اس معاملے کی باریک بین تحقیقات کرنے کی مانگ رکھی۔

دریں اثناءڈاکٹر عبداللہ نے مشرقِ وسطیٰ کی کشیدگی پر تبصرہ کر تے ہوئے کہا کہ اس صورتحال کی وجہ سے عالمی معیشت متاثر ہو رہی ہے جبکہ غریب عوام مہنگائی کا شکار ہو رہے ہیں۔ وہ اپنی رہائش گاہ پر اُن سے ملنے آئے کئی وفود اور پارٹی کارکنان سے بات کر رہے تھے۔

**<u>CMملاقات</u>**

**Switzerland** کی سفیر محترمہ مایا تِصافی نے آج سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر بھارت میں عبداللہ سے ملاقات کی۔ دونوں شخصیات نے دیر پا سیاحت، باغبانی اور دیگر منسلک سیکٹروں سمیت باہمی دلچسپی کے کئی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

واضح رہے کہ وادی کے دورے پر آئی ہوئیں سفیرِ موصوفہ نے کشمیر کی فطری اور آفاقی خوبصورتی نیز مالا مال ثقافتی ورثے اور بے پناہ اقتصادی صلاحیت کی سراہنا کی۔ اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے جمونو کشمیر کی سماجی واقتصادی ترقی کےلئے عالمی سطح کے بہترین طور طریقوں کو اختیار کرنے کی ضرورت اُجاگر کی۔

اس سے پہلے سفیر موصوفہ نے کل لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے بھی ملاقات کی۔

**<u>نشہ</u>**

جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے سو دنوں پر ُمشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیناور منشیات کے ڈھانچے کو ختم کرنے نیز اس لت میں پھنسے نوجوانوں کی باز آباد کاری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

ایل جی منوج سنہا کا پیغام۔

جموں کشمیر میں اس سماجی برائی سے بچنے کے اقدامات کے بارے میں پی ایم شری گورنمنٹ بائز ہائر سیکنڈری سکول ہمہامہ بڈگام کے پرنسپل شبیر حسین راتھر نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

**<u>پد یاترا</u>**

**اسی دوران جنوبی کشمیر کے ضلع کولگام میں یکم جون کو ایک پد یاترا کا اہتمام ہے۔ ہمارے نمائندے خورشید پڈّرو نے خبر دی ہے کہ ضلعے کے ترقیاتی کمشنر شہزاد عالم نے آج ایس ایس پی کولگام عنایت علی چودھری کے ہمراہ اس ریلی کے سلسلے میں بس اسٹینڈ لارو میں تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا۔**

**آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے ڈپٹی کمشنر موصوف نے کہا ۔**

**<u>کشمیرپولیس</u>**

**جموں وکشمیر پولیس بھی منشیات کے خلاف اپنی مہم کو جا ری رکھے ہوئے ہے۔ اس سلسلے میں گاندربل پولیس نے ضلعے کے وندہامہ علاقے میں غیر قانونی خشخاش کی فصل کو تباہ کر کے متعلقہ کاشت کاروں کے معاملہ درج کر لیا ہے۔**

**اس دوران پولیس نے ضلعے کے ناگہ بل علاقے سے ابرار احمد پرے نامی ایک سمگلر کو گرفتار کر کے اُس کے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار بر آمد کر لی ہے۔**

**<u>نائب وزیر اعلیٰ</u>**

**نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کالی دھر نوشہرہ میں زیر تعمیر سنگل ٹنل منصوبے کا معائنہ کیا اور کام کی رفتار و معیار کا جائزہ لیا۔ انہوننے منصوبے میں تاخیر اور تعمیراتی معیارپر سخت ناراضگی کا اظہار کر تے ہوئے متعلقہ ایجنسیوں کو معیاری اصولوں اور حفاظتی ضوابط پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایت دی۔**

**نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ منصوبے کی بر وقت تکمیل عوام کی سہولت اور راجوری پونچھ جموں اور نوشہرہ کے درمیان بہتر رابطے کےلئے نہایت اہم ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے علاقے میں دیگر کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی معائنہ کیا۔**

**<u>ہائی وے</u>**

**ایکسپریس وے کو قومی شاہراؤں کے نیٹ NE-5 مرکزی حکومت نے دہلی سے کٹرہ تک مجوزہ ورک میں شامل کرنے کا نوٹیفکیشن جا ری کر دیا ہے۔ یہ تیز رفتار راہداری، دہلی ،ہریانہ، پنجاب اور جمونو کشمیر کے درمیان رابطے کو بہتر بنائے گی۔**

**شاہراؤں اور سڑک رابطوں کی وزارت کے مطابق یہ ایکسپریس وے دہلی کے رانی کھیڑا سے شروع ہو کر ہریانہ اور پنجاب کے مختلف علاقوں سے گذرتے ہوئے کٹرہ کے قریب قومی شاہراہ 144سے ملے گا۔ منصوبے سے سفر میں آسانی تجارتی سرگرمیوں اور علاقائی ترقی کو فروغ ملنے کی توقع ہے۔**

**<u>فیسٹول</u>**

**فیسٹول کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس Literature سرینگر میں کل یعنی30اور 31مئی کو کشمیر فیسٹول کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر نائرہ منظور Literature فیسٹول کی اہمیت کے بارے میں کشمیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔**

**واضح رہے کہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا بھی کل صبح ساڑھے10بجے شروع ہونے والے اس فیسٹول میں شرکت کریں گے۔**

**<u>بریک</u>**

**یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔ خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR نیوز آن**

**ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر Radiokashmir@gmail.co شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس پر بھیج سکتے ہیں ۔**

**<u>سوریہ گھر</u>**

**بھارت نے صاف توانائی کی اپنی مہم میں ایک تاریخی سنگ میل عبور کر لیا ہے۔ سو شل میڈیا پر ایک پوسٹ میں نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پر ہلاد جوشی نے کہا ہے سوریہ گھر اسکیم کے تحت اب تک40لاکھ گھروں کو روف ٹاپ سولر سے با اختیار بنایا PMکہ جا چکا ہے۔**

**انہوننے کہا کہ یہ صرف قابل تجدید توانائی کی ایک پہل نہیں بلکہ ایک انقلابی اسکیم ہے، جو شہریوں کو بجلی کے صارفین سے// بجلی پیدا کرنے والوں میں تبدیل کر رہی ہے۔**

**<u>NDA</u>**

**سرکار کے 12سال مکمل ہونے کے بعد ملک کے بیشتر حصوں میں تعمیر و NDAمرکز میں ترقی کے ثمرات صاف طور پر دکھائی دے رہے ہیں۔ 12سال کے اس عرصے میں بھارت نے سیاسی، سماجی، معیشت، بنیادی ڈھانچے اور عالمی سطح کے محاذ پر مختلف شعبوں میں کامیابیوں کے کئی پائیدان طے کئے ہیں۔**

**اس سلسلے میں پردھان منتری جن آروگیہ آیوشمان بھارت نام کی یوجنا قابل ذکر ہے جس کی عمل آوری کے عام لوگ کا فی مطمئن نظر آر ہے ہیں۔ آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے یہ ہیں ایک شہری کے تاثرات۔**

**بینک**

**جموں وکشمیر بینک یوٹی کے مختلف سیکٹروں کو فروغ دینے اور لوگوں کو اعلیٰ معیار کی بینکنگ سہولیات دستیاب کرانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے۔**

**بنک کی طرف سےخطے کی سماجی و اقتصادی ترقیکے کئی سارے کام بھی سر انجام دیئے جا رہے ہیں۔**

**ڈاکٹر امیتابھ چٹر جی نے آکاشوانی نیوز CEO اس بارے میں ادارے کے منیجنگ ڈائریکٹر اور سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا۔**

**بھاجپا نامہ**

**پردیش بی جے پی کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے کہا ہے کہ من کی بات ریڈیو پروگرام اہم مسائل پر لوگوں کو ترغیب دینے کا ایک مضبوط آلہ ہے۔**

**صدر موصوف نے پارٹی کی جنرل سیکریٹری سنجیتا ڈوگرہ کی موجودگی میں بی جے پی مہیلا سرکار کے 12سال کی NDAمورچہ کی ایک میٹنگ کی بھی صدارت کی، جس دوران مرکز میں تکمیل پر حصولیابیوں کو اُجاگر کرنے کی مہم کا جائزہ لیا گیا۔**

**پارٹی کے میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا نے موجودہ گرم لہر کے چلتے جموں خطے میں بلا خلل بجلی کی سپلائی یقینی بنانے کی مانگ کی ہے۔**

**شاہین**

**جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر نے عمر عبداللہ کی زیر قیادت سرکار کو یہ کہتے ہوئے ہدف تنقید بنایا ہے کہ یہ حکومت زمینی سطح کی حقائق سے دور ہے۔**

**ایک بیان میں پارٹی کے صدر جی ایم شاہین نے وزیر اعلیٰ کی زیرقیادت سرکار کے عوامی مسائل سے اُن کے بقول بے اعتنا ہونے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔**

**داخلہ**

**محکمہ اعلیٰ تعلیم نے سرکاری ڈگری کالجوں میں یو جی داخلوں کے لیے آن لائن درخواست فارم جمع کرنے اور کالج ترجیحات اپڈیٹ کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کردی ہے۔**

**محکمہ اعلیٰ تعلیم کے مطابق امیدوار اب کل یعنی 30مئی شام پانچ بجے تک داخلہ پر اپنی درخواستیں جمع یا اپڈیٹ کر سکتے ہیں۔ jkadmissions.inپورٹل**

**اس حوالے سے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔**

**ژالہ باری**

**ضلع بارہمولہ کے کئی علاقوں میں آج پھر ایک بار ژالہ باری ہوئی ، جس کے نتیجے میں میوہ باغات اور فصلوں کو نقصان پہنچنے کی اطلاعات ہیں۔**

**ہمارے بارہمولہ کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ ضلعے کے گلمرگ علاقے میں آج اُس وقت آدھے درجن سے زیادہ بھیڑ ہلاک ہو گئے جب تیز ہواؤں کے نتیجے میں وہ ایک بڑے پیڑ کی زد میںآگئے۔**

**گرم لہر**

**ملک کے مختلف حصے شدید گرم لہر کی لپیٹ میں ہے۔ اس دوران بھارتی محکمہ**

---

**موسمیات نے ملک میں اس سال جون سے ستمبر کے دوران معمول سے کم بارش ہونے کی ۂ پیشگوئی کی ہے۔**

**اِدھرجموں کشمیر خاص طور پر جموں خطے کے بیشتر اضلاع میں بھی گرمی کی شدت میں روز افزوں اضافہ ہوتاجا رہا ہے ۔ بڑھتی گرمی کے پیش نظر لوگوں کو کئی احتیاطی تدابیر پر عمل کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ اس کے مضر اثرات سے بچ سکیں ۔**

**اس سلسلے میں جموں میونسپل کارپوریشن کے ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شاہد حسین نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔**

**خراج**

**قوم آج سابق وزیر اعظم چرن سنگھ کو ان کی برسی پر یاد کر رہی ہے۔**

**نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن ، لوک سبھا کے سپیکر اوم برلا اور وزیر داخلہ امت شاہ نے آنجہانی کو خراج عقیدت پیش کیا۔**

**اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا کہ چودھری چرن سنگھ ایک قدآور لیڈر تھے جنہوں نے ہمیشہ دیہی بھارت اور کسانوں کی بہبودی کیلئے زبردست وکالت کی۔**

**چری فصل**

**جموں کشمیر کے باغ مالکان اور تاجروں کیلئے ریلوے ایک بار پھر تیز محفوظ اور قابل اعتماد ذریعے نقل و حمل ثابت ہو رہا ہے۔ شمالی ریلوے کے جمونڈویژن کے مطابق رواں چری سیزن کے دوران اب تک تقریباً 43 ٹن تازہ چری ریلوے پارسل سروس کے ذریعے ملک کی مختلف بڑی منڈیوں تک کامیابی کے ساتھ پہنچائی جا چکی ہے۔**

**شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل مینجر اُچیت سنگھل نے کہا کہ تاجروں اور باغ مالکان کی جانب سے ریلوے خدمات کا بھر پور استعمال کیا جا رہا ہے جس سے پھل**

کے معیار اور تازگی کو برقرار رکھنے میں مدد مل رہی ہے۔ ساتھ ہی کسانوں کو بہتر قیمت بھی حاصل ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے کسانوں کو موثر اور کم لاگت لاجسٹک سہولیات فراہم کرنے کیلئے پُر عزم ہے۔

## من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی 31تاریخ کو اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں مختلف موضوعات پر عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کرینگے۔

آکاشوانی پر نشر ہونے والے اس ماہانہ پروگرام کی یہ 134 ویںقسط ہو گی۔

## موسم

محکمہ موسمیات کے مطابقجمونو کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت29 اعشاریہ8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت12اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت24 اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 21 منٹ اور

غروب آفتاب شام7 بجکر36منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

.......................................................

...................................

..................

.....